


ماہنامہ
الحقیقہ
پاکستان
تیری آواز
مکے اور مدینے
اداریہ
پاکستان میں
فکرِ رضا کے زاویے
رفع یدین
کا
تکرار منع
مستقل سلسلے
تجلیات سیرت
خاندانِ رسالت کے
دینی کارنامے
جامعۃ الفوز اللتانی
کا تعارف
نوحہ
قادیانی سازشوں کا ایک رخ
اس کے علاوہ بے شمار دینی

حمد و نعت

لوحِ ہستی پہ یہ تحریر ہے ماشاء اللہ — سب جہاں آپ کی جاگیر ہے ماشاء اللہ
واہ کیا حسن کی تنویر ہے ماشاء اللہ — خود ضیا جس سے ضیا گیر ہے ماشاء اللہ
حق شہنشاہِ حقیقی، یہ ہیں اس کے مظہر — ان کی تدبیر ہی تقدیر ہے ماشاء اللہ
کہیں اللہ احد، تو کریں بت بھی تصدیق — کیسی الفاظ میں تاثیر ہے ماشاء اللہ
جس کا اظہار رفعنا لک ذکرک سے ہوا — ان کی عظمت کی یہ تشہیر ہے ماشاء اللہ
خالقِ عرش بھی فرمائے جسے نور اپنا — عرش اس پیارے کی تنویر ہے ماشاء اللہ
ہاں بدوں جس کے ہے توحید نہ ایمان قبول — میرے مولا کی وہ توقیر ہے ماشاء اللہ
جان سو جاں سے فدا، دل تہِ دل سے قربان — جو بھی ہے بستۂ زنجیر ہے ماشاء اللہ
جن و انسان و فرشتہ ہیں سبھی اس کے اسیر — واہ کیا زلفِ گرہ گیر ہے ماشاء اللہ
زرِ خالص جو بنائے مسِ جان و دل کو — ان کی الفت ہی وہ اکسیر ہے ماشاء اللہ
عقلِ آوارہ و ناکارہ کی کیوں بات سنے — دل غمِ عشق کا نخچیر ہے ماشاء اللہ
عصرِ حاضر کے یزیدوں سے نہیں خوف ہمیں — سامنے اسوۂ شبیر (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) ہے ماشاء اللہ
کیوں نہ تو منزلِ مقصود پہ آسی پہنچے — نقشِ لاثانی تیرا پیر ہے ماشاء اللہ

(پروفیسر محمد حسین آسی)

یا ایہا النبی جاہد الکفار والمنافقین واغلظ علیہم

[illegible]

خلیفہ بین حوزکی تنظیم تحریک شیرانِ اسلام کا ترجمان

ماہنامہ پاکستان

مجلہ الحقیقہ

جمادی الاول ۱۴۲۵ھ جولائی 2004ء جلد نمبر 4 شمارہ نمبر 9

زر تعاون

پاکستان (فی پرچہ) 15 روپے سالانہ بذریعہ ڈاک -/150

	فی پرچہ	سالانہ
یورپ	1 پونڈ	10 پونڈ
امریکہ	1.5/-	15/-
عرب ممالک	3 ریال	30 ریال

فہرست

رابطہ: صوفی محمد آصف نقشبندی، انچارج دفتر الحقیقہ نقش لاثانی، محمد پورہ شکرگڑھ

پبلشر: پروفیسر محمد حسین آسی نے احمد دین پرنٹرز داتا مارکیٹ لاہور سے چھپوا کر مرکزی دفتر مجلہ الحقیقہ نقش لاثانی، لاثانی نگر، شکرگڑھ، فون نمبر: 451734 (نارووال) سے شائع کیا

أَلَآ إِنَّ أَوْلِيَآءَ اللّٰهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ

یونس - ۶۲

ترجمہ: سن لو اللہ کے ولیوں پر نہ کچھ خوف ہے اور نہ کچھ غم

كلمة الحقيقه

اداریہ

(صاحبزادہ احمد علی کے قلم سے)

تری آواز مکے اور مدینے

گزشتہ دنوں وزیر اعظم پاکستان میر ظفر اللہ خاں جمالی صاحب نے اعلان فرمایا کہ پاکستان میں کوئی قانون کتاب وسنت کے منافی پاس نہیں ہوسکتا۔ آج مورخہ یکم جمادی الاول ۱۴۲۵ھ (بمطابق ۲۰ جون ۲۰۰۴ء) کے روزنامہ 'پاکستان' میں ان کا پھر یہی اعلان شائع ہوا ہے۔ چند جملوں کے بعد خصوصیت کے ساتھ یہ الفاظ نہایت ہی سکون بخش ہیں۔

قرآن وسنت کے منافی حدود آرڈیننس میں کوئی ترمیم نہیں کریں گے

ہم جو ایک عرصے سے اپنے 'بادشاہوں' کی طرف سے کسی اچھی بات کے لئے ترس رہے تھے، اس ایمانی اعلان سے بہت خوش ہیں۔ خداوند کریم انہیں وعدہ پر قائم رہنے کی توفیق بخشے اور یوں ملک وملت کی آبرو قائم رکھنے کی صورت پیدا فرمائے۔ خدانخواستہ اگر آپ کا یہ اعلان بھی 'کہہ مکرنی' ثابت ہوا تو لوگ یہ سمجھنے میں حق بجانب ہوں گے کہ جمالی صاحب کا تعلق ایمان وعقل کے جمال سے نہیں، بلکہ جنوں کے بے جا لوسے ہے۔

حق یہ ہے مسلم لیگ کے قدیم رکن بلکہ کارکن ہونے کی حیثیت سے جمالی صاحب کو قائد اعظم علیہ الرحمہ کی فکر کا وارث ہونا چاہیے اور کتاب وسنت کے بارے میں جو عقیدہ وعزم بانی پاکستان کا تھا، وہی وزیر اعظم کا ہونا چاہیے۔ 'بابائے قوم' کی فرزندی کا یہی تقاضا ہے۔ بقول حکیم الامت

باپ کا علم نہ بیٹے کو اگر ازبر ہو
پھر پسر لائق میراث پدر کیونکر ہو

آیئے ارشادات قائد کی روشنی میں پاکستان کی وجہ تشکیل پر غور کریں اور اپنا سطح حیات طے کریں

"آج ہم یہاں دنیا کی عظیم ترین ہستی کو نذرانہ عقیدت پیش کرنے کے لئے جمع ہوئے ہیں۔ آپ کی عزت وتکریم کروڑوں عام انسان ہی نہیں کرتے بلکہ دنیا کی تمام عظیم شخصیتیں آپ کے سامنے سر جھکاتی ہیں۔ میں ایک عاجز ترین، انتہائی خاکسار، بندۂ ناچیز اتنی عظیم، عظیموں کی بھی عظیم ہستی کو بھلا کیا اور کیسے نذرانہ عقیدت پیش کرسکتا ہوں۔ رسول کریم ﷺ عظیم مصلح تھے۔ عظیم رہنما، عظیم واضع قانون تھے۔ عظیم سیاستدان تھے، عظیم حکمران تھے۔ (کراچی بار ایسوسی ایشن —— ۲۵ جنوری ۱۹۴۷ء عید میلاد النبی)

میرا ایمان ہے کہ ہماری نجات اس اسوۂ حسنہ (علی صاحبہا الصلوٰۃ والسلام) پر چلنے میں ہے جو ہمیں قانون عطا کرنے والے پیغمبر اسلام ﷺ نے ہمارے لئے بنایا ہے۔ ہمیں چاہیے کہ ہم اپنی جمہوریت کی بنیادیں صحیح معنوں میں اسلامی تصورات اور اصولوں پر رکھیں۔ (شاہی دربار سبی بلوچستان ۱۴ جولائی ۱۹۴۷ء)

"وہ کونسا رشتہ ہے جس میں منسلک ہونے سے تمام مسلمان جسد واحد کی طرح ہیں، وہ کونسی چٹان ہے جس پر ان کی ملت کی عمارت استوار ہے۔ وہ کونسا لنگر ہے جس سے امت کی کشتی محفوظ کر دی گئی ہے وہ رشتہ، وہ چٹان، وہ لنگر خدا کی کتاب قرآن مجید ہے۔ مجھے یقین ہے کہ جوں جوں ہم آگے بڑھتے جائیں گے، ہم میں زیادہ سے زیادہ اتحاد پیدا ہوتا جائے گا۔ ایک خدا، ایک رسول ﷺ، ایک کتاب، ایک امت ـــ (اجلاس مسلم لیگ کراچی)

ہر مسلمان جانتا ہے کہ قرآنی احکام مذہبی اور اخلاقی فرائض تک محدود نہیں، جیسا کہ گبن نے کہا تھا، اوقیانوس سے گنگا تک قرآن کو دینیات نہیں بلکہ شہری (سول) اور تعزیری قوانین کی بنیاد بھی سمجھا جاتا ہے اور وہ قوانین جن سے بنی نوع انسان کے اعمال اور حقوق کی حد بندی ہوتی ہے۔ وہ بھی خدا کے غیر متبدل احکام سے متعین ہوتے ہیں جاہلوں کی بات الگ ہے ورنہ ہر کوئی جانتا ہے کہ قرآن مسلمانوں کا ہمہ گیر ضابطہ حیات ہے۔ مذہبی، سماجی، شہری، کاروباری، فوجی، عدالتی، تعزیری اور قانونی ضابطہ حیات ہے، جو مذہبی تقریبات سے لے کر روزمرہ زندگی کے معاملات تک، روح کی نجات سے لے کر جسم کی صحت تک، تمام افراد سے لے کر ایک فرد کے حقوق تک، اخلاق سے لیکر جرم تک، اس دنیا میں جزا اور سزا سے لے کر اگلے جہان کی جزا و سزا تک کی حد بندی کرتا ہے۔ (پیغام عید ۱۹۴۵ء)

ہم نے پاکستان کا مطالبہ ایک زمین کا ٹکڑا حاصل کرنے کے لئے نہیں کیا تھا بلکہ ہم ایک ایسی تجربہ گاہ حاصل کرنا چاہتے تھے جہاں ہم اسلام کے اصولوں کو آزما سکیں (اسلامیہ کالج پشاور، ۱۳ جنوری ۱۹۴۸ء)

میں ان لوگوں کی بات نہیں سمجھ سکتا جو دیدہ دانستہ اور شرارت سے یہ پروپیگنڈا کرتے رہتے ہیں کہ پاکستان کا دستور شریعت کی بنیاد پر نہیں بنایا جائے گا، اسلام کے اصول عام زندگی میں آج بھی اسی طرح قابل اطلاق ہیں جس طرح تیرہ سو سال پہلے تھے۔ میں ایسے لوگوں کو جو بدقسمتی سے گمراہ ہو چکے ہیں، یہ صاف صاف بتا دینا چاہتا ہوں کہ نہ صرف مسلمانوں کو بلکہ یہاں غیر مسلموں کو کوئی خوف و ڈر نہیں ہونا چاہئے۔ اسلام اور اس کے نظریات نے ہمیں جمہوریت کا سبق دے رکھا ہے۔ ہر شخص سے انصاف، رواداری اور مساوی برتاؤ اسلام کا بنیادی اصول ہے پھر کسی کو ایسی جمہوریت، مساوات اور آزادی سے خوف لاحق ہو جو انصاف، رواداری اور مساوی برتاؤ کے بلند ترین معیار پر قائم کی گئی ہو۔ ان کو کہہ لینے دیجئے، ہم دستور پاکستان بنائیں گے اور دنیا کو دکھائیں گے کہ یہ رہا ایک اعلیٰ آئینی نمونہ۔

(بار ایسوسی ایشن: ۲۵ جنوری ۱۹۴۸ء)

اسلامی حکومت کے تصور کا یہ امتیاز پیش نظر رہنا چاہئے کہ اس میں اطاعت اور وفاکیشی کا مرجع خدا کی ذات ہے جس کی تعمیل کا عملی ذریعہ قرآن مجید کے احکام اور اصول ہیں۔ اسلام میں اصلاً نہ کسی بادشاہ کی اطاعت ہے، نہ پارلیمنٹ کی، نہ کسی شخص یا ادارے کی، قرآن کریم کے احکام ہی سیاست و معاشرت میں ہماری آزادی اور پابندی کی حدود متعین کر سکتے ہیں۔ دوسرے الفاظ میں اسلامی حکومت قرآنی اصول و احکام کی حکومت ہے۔

(تعلیمات قائد: ۷۸)

آپ اپنی اس طرح تنظیم کیجئے کہ پوری قوم اپنے مفادات کے تحفظ کے لئے ایک جھنڈے پر جمع ہو جائے اور ملت اسلامیہ کی معاشرتی، اقتصادی اور تعلیمی ترقی کے لئے تعمیری لائحہ عمل ترتیب پایا جائے، ثقافت اسلامی اور تعلیمات محمدی (ﷺ) کا احیاء کیجئے اور ہندوستان کی مختلف اقوام کے درمیان بھائی چارے اور خیر سگالی کے جذبات پیدا کیجئے۔ (آل انڈیا ایم ایس ایف۔ جالندھر ۱۵ نومبر ۱۹۴۲ء)

☆......☆......☆

محمد حسین

اتحادِ ملت کی ضرورت وصورت (۱۸)

آیئے حضور اکرم نور مجسم ﷺ کے ارشادات کی روشنی میں ایک مسئلے کا حل تلاش کریں اور وہ مسئلہ ہے حضرت سیدنا امام مہدی علی جدہ علیہ السلام کا ظہور۔ صحاح ستہ کی روایات میں جو ان کی علامات بیان ہوئی ہیں، پہلے وہ دیکھیں اور پھر دیکھیں کہ نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کے فیصلے سے روگردانی کرنے والے کون ہیں اور ان کا موقف کیا ہے۔

احادیث کریمہ: ۱..... حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا "دنیا ختم نہ ہوگی یہاں تک کہ عرب کا بادشاہ ایک ایسا شخص بنے جو میرے اہل بیت میں سے ہوگا (اور) جس کا نام میرے نام کے موافق ہوگا" (ترمذی، ابوداؤد)

اور اس کی ایک اور روایت میں فرمایا "اگر دنیا کا صرف ایک دن باقی رہا ہوتا تو اللہ اس دن کو لمبا کر دیتا حتیٰ کہ اس دن میں ایک شخص بھیجتا جو مجھ سے یا میرے اہل بیت سے ہے۔ اس کا نام میرے نام کے موافق اور اس کے باپ کا نام میرے باپ کے نام کے موافق ہوگا" وہ زمین کو انصاف وعدل سے بھر دے گا جیسے وہ (پہلے) ظلم وزیادتی سے بھری تھی (مشکوٰۃ شریف)

۲..... حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ فرماتے سنا مہدی میری آل سے اور فاطمہ کی اولاد سے ہوگا۔ (ابوداؤد)

۳..... حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا مہدی مجھ سے ہیں چوڑی پیشانی اور اونچی ناک والے، زمین کو عدل و انصاف سے بھر دیں گے جیسے وہ (اس سے پہلے) ظلم وستم سے بھری ہوئی ہوگی، وہ سات سال حکومت کریں گے (ابوداؤد)

۴..... حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ ہی سے روایت ہے نبی کریم ﷺ نے حضرت سیدنا مہدی کے قصے میں فرمایا "پھر ان کے پاس ایک شخص آ کر (بار بار) کہے گا اے مہدی! مجھے دیجئے مجھے دیجئے، تو آپ اس کے کپڑے میں لپ بھر کے ڈالتے رہیں گے جتنا وہ اٹھا سکے گا (ترمذی)

۵..... حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم نے فرمایا ایک خلیفہ کی موت کے وقت اختلاف ہوگا تو اہل مدینہ میں سے ایک شخص مکہ معظمہ کی طرف بھاگتا ہوا نکلے گا تو اہل مکہ میں سے کچھ لوگ اس کے پاس آئیں گے سو اسے اس کی مرضی کے خلاف لائیں گے اور حجر اسود اور مقام ابراہیم کے درمیان اس سے بیعت کریں گے اور اس کی طرف شام سے ایک لشکر بھیجا جائے گا جسے مکہ اور مدینہ کے درمیان ایک میدان میں دھنسا دیا جائے گا۔ جب لوگ یہ دیکھیں گے تو ان کے پاس شام کے ابدال اور عراق والوں کی جماعتیں آئیں گے تو اس سے بیعت کریں گی، پھر قریش کا ایک شخص نکلے گا جس کے ماموں بنی کلب ہوں گے، وہ ان کی طرف ایک لشکر بھیجے گا۔ تو کلب کے اس لشکر پر (امام مہدی کے ساتھی) غالب آئیں گے۔ وہ یعنی (حضرت مہدی) لوگوں میں اپنے نبی (اکرم ﷺ) کی سنت کے مطابق عمل کریں گے اور اسلام زمین میں اپنی گردن بچھا دے گا (یعنی امن قائم ہو جائیگا)۔ پھر وہ سات سال (قیام زمانے) کے بعد وفات پا جائیں گے اور ان پر مسلمان نماز جنازہ پڑھیں گے۔ (ابوداؤد)

(۶) حضرت ابوسعید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے اس بلا کا ذکر فرمایا جو اس امت کو پہنچے گی حتیٰ کہ آدمی کو کوئی ایسی پناہ گاہ نہیں ملے گی جہاں ظلم سے پناہ لے سکے۔ تو اللہ تعالیٰ میری اولاد اور میرے اہل بیت سے ایک ایسا شخص بھیجے گا جو زمین کو عدل وانصاف سے بھر دیگا۔ جیسے (پہلے)

وہ ظلم و ستم سے بھری ہوئی تھی۔ آسمان والے اور زمین والے اس سے راضی ہوں گے آسمان ایک قطرہ بغیر برسائے نہ چھوڑے گا (یعنی ضرورت کے مطابق بارش ہوگی) اور زمین کوئی سبزی اگائے بغیر نہ چھوڑے گی۔ حتیٰ کہ زندہ لوگ مردوں کی تمنا کریں گے (یعنی زندہ لوگ آرزو کریں گے کہ ہمارے لوگ آج زندہ ہوتے تو یہ برکتیں دیکھتے) وہ اسی حالت میں سات سال یا آٹھ سال یا نو سال زندہ رہیں گے۔ (یہ شک راوی کو ہے جبکہ گذشتہ روایات کی روشنی میں سات سال کی روایت قوی ہے نیز اس حدیث کا مخرج صاحب مشکوٰۃ کو نہ ملا۔ مرآت المناجیح کے مطابق اسے حاکم نے مستدرک سے روایت کیا اور اسے صحیح کہا)

۷۔ حضرت ثوبان رضی اللہ تعالیٰ عنہ راوی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جب تم خراسان سے کالے جھنڈے آتے دیکھو تو تم بھی وہاں جانا کہ (اس لشکر میں) اللہ تعالیٰ کا خلیفہ مہدی ہوگا (احمد، بیہقی) (مراد یہ ہے کہ حضرت امام مہدی خلافت سے پہلے سپاہیانہ شان سے اس لشکر میں ہوں گے یا یہ مراد ہے کہ اس لشکر کو حضرت امام مہدی کی حمایت حاصل ہوگی)

۸۔ حضرت ابو اسحاق سے روایت ہے کہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے اپنے فرزند حضرت حسن رضی اللہ تعالیٰ کو دیکھتے ہوئے فرمایا یہ میرا بیٹا سید ہے جیسا کہ رسول اللہ ﷺ نے اس کا نام سید رکھا ہے، اس کی پشت میں سے ایک شخص نکلے گا جو تمہارے نبی ﷺ کے نام سے موسوم ہوگا، سیرت میں بھی ان سے مشابہ ہوگا مگر صورت میں (پوری طرح) مشابہ نہ ہوگا۔ پھر پورا قصہ بیان فرمایا کہ وہ زمین کو عدل سے بھر دے گا (ابو داؤد، مگر انھوں نے قصے کا ذکر نہ فرمایا)

۹۔ مسلم و بخاری کی ایک روایت کے مطابق حضور ﷺ نے فرمایا تمہاری کیا شان ہوگی جب ابن مریم علیہما السلام تمہارے اندر نزول فرمائیں گے اور امام تم میں سے ہوگا۔

خلاصہ: ہم نے کوشش کی ہے کہ مشکوٰۃ شریف میں حضرت سیدنا امام مہدی رضی اللہ عنہ کے بارے میں جتنی بھی روایات ہیں ان کا ترجمہ درج کر دیا جائے۔ اب آپ خود فرمائیے۔ ان روایات میں حضرت امام مہدی کی صفات و علامات جو بیان فرمائی گئی ہیں ان میں کوئی ابہام یا تضاد محسوس ہوتا ہے؟ بالکل واضح ہے کہ حضرت امام مہدی رضی اللہ عنہ حسنی سید ہیں، آپ کا اسم شریف محمد، والد کا عبد اللہ اور والدہ کا آمنہ ہوگا (رضی اللہ عنہم) آپ کی پیشانی چوڑی اور ناک اونچی ہوگی۔ ایک خلیفہ کی وفات پر اختلاف پیدا ہوگا۔ تو اس خیال سے کہ لوگ انھیں حکومت نہ سونپ دیں۔ مدینہ منورہ سے مکہ معظمہ تشریف لائیں گے۔ یہاں حجر اسود اور مقام ابراہیم کے درمیان ان کے ہاتھ پر لوگ بیعت کریں گے۔ شام سے ایک لشکر ان سے لڑنے آئے گا جو زمین میں دھنسا دیا جائے گا، خراسان سے ایک بہت بڑا لشکر ان کی حمایت میں آ جائے گا۔ شام میں ابدال اور عراق سے بعض جماعتیں آ کر ان کے ہاتھ پر بیعت کریں گی۔ بنو کلب کا ایک لشکر ان کے خلاف لڑے گا مگر حضرت امام مہدی اس پر غالب آ جائیں گے۔ آپ پر آسمان و زمین والے خوش ہوں گے۔ آپ حضور ﷺ کی سنت کے مطابق حکومت کریں گے، عدل و انصاف کا اسی طرح دور دورہ ہوگا جیسے ان سے پہلے ظلم و ستم کا زور ہوگا۔ بارشیں ضرورت کے مطابق ہوں گی اور زمین سے پیداوار اور کثرت ہوگی۔ کوئی آپ سے سوال کرے گا تو آپ اسکی طاقت کے مطابق اس کو عطا فرمائیں گے۔ آپ ہی کے دور میں سیدنا عیسیٰ علیہ السلام آسمان سے نازل ہوں گے اور آپ کی اقتداء میں نماز ادا کریں گے۔ آپ کا دور حکومت سات سال رہے گا۔ پھر آپ کا وصال شریف ہو جائے گا۔

مولانا مودودی کے ''امام مہدی'': مولانا مودودی الامام المہدی کے عنوان پر اظہار خیال کرتے ہوئے اپنا اندازہ یوں بیان فرماتے ہیں۔

> میرا اندازہ یہ ہے کہ آنے والا اپنے زمانہ میں بالکل جدید ترین طرز کا لیڈر ہوگا۔ وقت کے تمام علوم جدیدہ پر اس کو مجتہدانہ بصیرت حاصل ہوگی۔ زندگی کے سارے مسائل مہمہ کو وہ خوب سمجھتا ہوگا۔ عقلی و ذہنی ریاست، سیاسی تدبر اور جنگی مہارت کے اعتبار سے وہ تمام دنیا پر اپنا سکہ بٹھا دے گا اور اپنے عہد کے تمام جدیدوں سے بڑھ کر جدید ثابت ہوگا۔ مجھے اندیشہ ہے کہ اس کی ''جدتوں'' کے خلاف مولوی اور صوفی صاحبان ہی سب سے پہلے شور شں برپا کریں گے۔ پھر مجھے یہ بھی امید نہیں کہ اپنی جسمانی ساخت میں وہ عام انسانوں سے کچھ بہت مختلف ہوگا کہ اس کی علامتوں سے اس کو تاڑ لیا جائے نہ میں یہ توقع رکھتا ہوں کہ اپنے مہدی ہونے کا اعلان کرے گا۔ بلکہ شاید اسے خود بھی اپنے مہدی موعود ہونے کی خبر نہ ہوگی اور اس کی موت کے بعد اس کے کارناموں سے دنیا کو

معلوم ہوگا کہ یہی تھا وہ خلافت کو ٹھیک منہاج النبوت پر قائم کرنے والا جس کی آمد کا مژدہ سنایا گیا تھا۔ جیسا کہ میں پہلے اشارہ کر چکا ہوں کسی کا یہ منصب نہیں ہے کہ وہ دعوے سے کام کا آغاز کرے اور نہ نبی کے سوا کسی کو یقینی طور پر معلوم ہوتا ہے کہ وہ کس خدمت پر مامور ہوا ہے۔ مہدویت دعویٰ کرنے کی چیز نہیں کر کے دکھا جانے کی چیز ہے۔ اس قسم کے دعوے لوگ کرتے ہیں اور جو ان پر ایمان لاتے ہیں میرے نزدیک دونوں اپنے علم کی کمی اور ذہن کی پستی کا ثبوت دیتے ہیں۔ مہدی کے کام کی نوعیت کا جو تصور میرے ذہن میں ہے وہ بھی ان حضرات کے تصور سے بالکل مختلف ہے مجھے اس کے کام میں کرامات و خوارق، کشوف و الہامات اور چلوں اور "مجاہدوں" کی کوئی جگہ نظر نہیں آتی۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ انقلابی لیڈر کو دنیا میں جس طرح شدید جدوجہد اور کشمکش کے مرحلوں سے گزرنا پڑتا ہے انہی مرحلوں سے مہدی کو بھی گزرنا ہوگا، وہ خالص اسلام کی بنیادوں پر ایک نیا مذہب فکر (School of thought) پیدا کرے گا۔ ذہنیتوں کو بدلے گا، ایک زبردست تحریک اٹھائے گا جو بیک وقت تہذیبی بھی ہوگی اور سیاسی بھی، جاہلیت اپنی تمام طاقتوں کے ساتھ اس کو کچلنے کی کوشش کرے گی، مگر بالآخر وہ جاہلی اقتدار کو الٹ کر پھینک دے گا اور ایک ایسا زبردست اسلامی اسٹیٹ قائم کرے گا جس میں ایک طرف اسلام کی پوری روح کارفرما ہوگی، اور دوسری طرف سائنٹفک ترقی اوج کمال پر پہنچ جائے گی۔ جیسا کہ حدیث میں ارشاد ہوا ہے "اس کی حکومت سے آسمان والے بھی راضی ہوں گے اور زمین والے بھی۔ آسمان دل کھول کر اپنی برکتوں کی بارش کرے گا، اور زمین اپنے پیٹ کے سارے خزانے اگل دے گی"۔

اگر یہ واقعی صحیح ہے کہ ایک وقت میں اسلام تمام دنیا کے افکار، تمدن اور سیاست پر چھا جانے والا ہے تو ایسے ایک عظیم الشان لیڈر کی پیدائش بھی یقینی ہے جس کی ہمہ گیر و پر زور قیادت میں یہ انقلاب رونما ہوگا۔ جن لوگوں کو ایسے لیڈر کے ظہور کا خیال سن کر حیرت ہوتی ہے مجھے ان کی عقل پر حیرت ہوتی ہے۔ جب خدا کی اس خدائی میں لینن اور ہٹلر جیسے ائمہ ضلالت کا ظہور ہو سکتا ہے تو آخر ایک امام ہدایت ہی کا ظہور کیوں مستبعد ہو؟ (تجدید و احیائے دین)

خود فیصلہ کیجئے: حضور پر نور ﷺ کے واضح ارشادات کے مقابلے میں جناب مودودی کا اپنے اندازے اور تخمینے پیش کرنا کتنا افسوسناک ہے۔ خود فیصلہ کیجئے اتنے اہم مسئلے میں مولانا کا ساری امت ہی سے نہیں، جس ہادی برحق ﷺ کا کلمہ پڑھتے ہیں کیا ان سے بھی اختلاف ہے یا نہیں اور کیا اس اختلاف کو بارگاہ رسالت سے بغاوت کے سوا کوئی اور نام دیا جا سکتا ہے۔ وہ لوگ خاص طور پر غور کریں جو جناب مودودی کے بارے میں اس غلط فہمی کا شکار ہیں کہ وہ اتحاد ملت کے داعی تھے۔ جہاں تک مجھے علم ہے علمائے دیوبند اور غیر مقلدین کا بھی اس مسئلے میں کوئی الگ موقف نہیں۔ مگر حضرت مودودی ہیں کہ امت ہی سے نہیں، والئی امت ﷺ کی تصریحات سے بھی بے نیاز ہیں۔

مکالمہ کاظمی و مودودی: ایک زمانہ تھا جب جماعت اسلامی نے پاکستان میں اسلامی نظام کے نفاذ کے لئے جمیعۃ العلمائے پاکستان سے تعاون حاصل کرنے کا عندیہ ظاہر کیا۔ ان کی دعوت پر ۱۹۵۵ء میں غزالیٔ دوراں حضرت علامہ سید احمد سعید کاظمی شاہ صاحب علیہ الرحمہ اپنے پانچ ساتھیوں کے ساتھ مودودی صاحب سے مذاکرات کے لئے تشریف لے گئے تاکہ باہمی اختلافات کی نوعیت کا تعین کر کے انہیں دور کرنے کی کوشش کی جائے اور اگر ایسا ممکن ہو تو نفاذ اسلام کی کوششوں میں ایک دوسرے سے تعاون کیا جائے۔

کاظمی صاحب اور جناب مودودی کی اس بات چیت کا ایک عنوان تھا "حضرت امام مہدی کے بارے میں فریقین کا نقطۂ نظر"، یہاں صرف اسی کو پوری تفصیل سے نقل کیا جا رہا ہے تاکہ حقیقت واضح ہو جائے۔ نیز یہ معلوم ہو سکے کہ مولانا نے آخر صریح احادیث سے یہ باغیانہ روش کیوں اختیار کی۔

کاظمی صاحب: مجددین، کارِ تجدید کی نوعیت اور امام مہدی سے متعلق جو کچھ آپ نے اپنی کتاب "تجدید و احیائے دین" میں لکھا ہے اس سے آپ کے متعلق یہ شبہات پیدا ہو رہے ہیں کہ آپ اپنی ذات کو مہدی اور اپنی تحریک کو کارِ تجدید سمجھتے ہیں۔

آپ نے مجددین پر تنقید کرتے ہوئے بخصوصیت کے ساتھ امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ کے نقائص بیان کئے ہیں کہ

"وہ علم حدیث میں کمزور تھے ان کے ذہن پر عقلیات کا غلبہ تھا اور وہ تصوف کی طرف ضرورت سے زیادہ مائل تھے۔" (ملخصاً) تجدید و احیائے دین ص ۴۵)

نیز حضرت مجدد الف ثانی شیخ احمد سرہندی رحمۃ اللہ علیہ و شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلوی علیہ الرحمۃ کی ناکامی کے اسباب کا تذکرہ کرتے ہوئے آپ نے لکھا ہے کہ

"مگر غالباً اس مرض (تصوف) کی شدت کا انہیں پورا اندازہ نہ تھا۔ یہی وجہ ہے کہ دونوں بزرگوں نے ان بیماروں کو پھر وہی غذا دے دی جو اس مرض میں مہلک ثابت ہو چکی تھی"۔ (تجدید و احیائے دین ص ۱۲۷)

امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ، مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ اور شاہ ولی اللہ رحمۃ اللہ علیہ صاحب جیسی ہستیوں پر ایسی شدید قسم کی جرح صرف وہی شخص کر سکتا جو اپنی قوت نظریہ کو ان سے قوی اور بالاتر سمجھتا ہو۔

آپ کی جن عبارات سے یہ امر واضح ہوتا ہے کہ آپ اپنے آپ کو مجدد کامل اور مہدی سمجھتے ہیں حسب ذیل ہیں:

"اس (مجدد) کے زمانے کے تمام اہل اصلاح و خیر رفتہ رفتہ لوگ اس سے الگ رہتے ہیں جن کی طبیعت میں کوئی ٹیڑھ ہوتی ہے۔" (تجدید و احیائے دین ص ۲۹)

چونکہ آپ اپنے خیال میں اپنے نظریات کو صلاح و خیر پر مبنی سمجھتے ہیں۔ اور چونکہ یہ سلسلہ جاری ہے اس لئے آپ یہ خیال کر سکتے ہیں کہ میرے زمانہ کے تمام صالحین و اہل خیر میرے گرد جمع ہو جائیں گے۔

"شعبہ ہائے کار تجدید" کے ذیل میں آپ نے لکھا ہے کہ:

احیاء نظام اسلامی یعنی جاہلیت کے ہاتھوں سے اقتدار کی کنجیاں چھین لینا اور از سر نو حکومت کو عملاً اس نظام پر قائم کر دینا جسے صاحب شریعت علیہ السلام نے خلافت علی منہاج النبوۃ کے نام سے موسوم کیا ہے۔

عالمگیر انقلاب کی کوشش یعنی صرف ایک ملک یا ان ممالک میں جہاں مسلمان پہلے سے موجود ہوں اسلامی نظام کے قیام پر اکتفا نہ کرنا بلکہ ایک ایسی طاقت ور عالمگیر تحریک برپا کرنا جس سے اسلام کی اصلاحی و انقلابی دعوت عام انسانوں میں پھیل جائے۔ وہی عام دنیا کی غالب تہذیب بنے۔ ساری دنیا کے نظام تمدن میں اسلامی طرز کا انقلاب برپا ہو اور عالم انسانی کی اخلاقی و فکری اور سیاسی امامت و ریاست اسلام کے ہاتھ میں آجائے۔"

پھر آگے چل کر مجدد کامل کا مقام بیان کرتے ہوئے آپ لکھتے ہیں کہ:۔

"مجدد کامل کا مقام ابھی تک خالی ہے۔ مگر عقل چاہتی ہے فطرت مطالبہ کرتی ہے اور دنیا کے حالات کی رفتار متقاضی ہے کہ ایسا لیڈر پیدا ہو۔ خواہ اس دور میں پیدا ہو یا زمانہ کی ہزار گردشوں کے بعد پیدا ہو اسی کا نام الامام المہدی ہے۔ جس کے متعلق صاف پیشین گوئیاں نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام کے کلام میں موجود ہیں۔"

(تجدید و احیائے دین ص ۳۱)

اس کے بعد ظہور مہدی علیہ السلام سے متعلق عام لوگوں کے تصورات کی تردید کرتے ہوئے آپ تحریر فرماتے ہیں کہ

"میں جو کچھ سمجھا ہوں اس سے مجھ کو معاملہ بالکل برعکس نظر آتا ہے۔ میرا اندازہ یہ ہے کہ آنے والا (مہدی) اپنے زمانہ میں بالکل جدید ترین طرز کا لیڈر ہوگا وقت کے تمام علوم جدیدہ پر اس کو مجتہدانہ بصیرت حاصل ہوگی۔ زندگی کے سارے مسائل مہمہ کو وہ خوب سمجھتا ہوگا۔ عقلی و ذہنی ریاست، سیاسی تدبر اور جنگی مہارت کے اعتبار سے وہ تمام جدیدوں سے بڑھ کر جدید ثابت ہوگا۔ مجھے اندیشہ ہے کہ اس کے جدتوں کے خلاف مولوی اور صوفی صاحبان ہی سب سے پہلے شورش برپا کریں گے۔" (تجدید و احیائے دین ص ۳۳)

آپ واقعی ایک جدید قسم کے لیڈر ہیں اور آپ کے متعلق یہ خیال بھی کیا جا رہا ہے کہ آپ کو وقت کے علوم جدیدہ پر مجتہدانہ بصیرت حاصل ہے اور یہ کہ آپ زندگی کے مسائل مہمہ کو خوب سمجھتے ہیں اور ساتھ ہی یہ قیاس آرائیاں بھی ہو رہی ہیں کہ آپ اپنے عہد کے تمام جدیدوں سے بڑھ کر جدید ثابت ہوں گے۔ آپ کی سیاسی تدبیریں بھی ظاہر ہونی شروع ہو گئی ہیں۔ ممکن ہے آپ جنگی مہارت بھی پیدا کر رہے ہوں اور آپ کا یہ اندیشہ تو سامنے آ ہی گیا کہ آپ کی جدتوں کے خلاف مولوی اور صوفی شورش برپا کر رہے ہیں۔ اسی ذیل میں آگے چل کر آپ نے لکھا ہے کہ

"نہ میں یہ توقع رکھتا ہوں کہ وہ اپنے مہدی ہونے کا اعلان کرے گا بلکہ شاید اسے خود بھی اپنے مہدی ہونے کی خبر نہ ہو اور اس کی موت کے بعد اس کے کارناموں سے دنیا کو معلوم ہوگا کہ یہی تھا خلافت کو منہاج النبوۃ پر قائم کرنے والا جس کی آمد کا مژدہ سنایا گیا تھا۔" (تجدید و احیائے دین ص ۳۳)

مہدی کی کارگزاری کے متعلق جو اپنا تصور آپ نے پیش کیا ہے وہ یہ ہے مجھے اس کے کام میں کرامات و خوارق، کشوف و الہامات اور چلوں اور "مجاہدوں" کی کوئی جگہ نظر نہیں آتی۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ ایک انقلابی لیڈر کو دنیا میں جس طرح شدید جدوجہد اور کش مکش کے مرحلوں سے گزرنا پڑتا ہے انہیں مرحلوں سے مہدی کو بھی گزرنا ہوگا وہ خالص اسلام کی بنیادوں پر ایک نیا مذہب فکر (School of Tahovht) پیدا کرے گا، ذہنیتوں کو بدلے گا۔ ایک زبردست تحریک اٹھائے گا جو بیک وقت تہذیبی بھی ہوگی اور سیاسی بھی۔ جاہلیت اپنی تمام طاقتوں کے ساتھ اس کو کچلنے کی کوشش کرے گی۔ مگر بالآخر وہ جاہلی اقتدار کو الٹ کر پھینک دے گا اور ایک ایسا زبردست اسلامی اسٹیٹ قائم کرے گا۔ جس میں ایک طرف اسلام کی پوری روح کارفرما ہوگی اور دوسری طرف سائنٹیفک ترقی اوج کمال پر پہنچ جائے گی۔"

اس عبارت میں مہدی علیہ السلام کی نوعیت کار کا جو تصور آپ نے پیش کیا ہے اس کے مبادیات کو آپ کی کارکردگی کے مبادیات پر نہایت آسانی سے چسپاں کیا جا سکتا ہے۔

کشف و کرامت، خوارق و الہامات کے لئے آپ کے کام میں کوئی جگہ نظر نہیں آتی۔ نہ چلوں اور "مجاہدوں" سے آپ کو کوئی واسطہ ہے۔ لوگوں کی نظر میں آپ ایک انقلابی لیڈر کی طرح جدوجہد اور کش مکش کے مرحلوں سے بھی گزر رہے ہیں۔ آپ نے ایک زبردست تحریک بھی اٹھائی ہوئی ہے اور آپ کے خیال میں جاہلی طاقتیں آپ کی تحریک کو کچلنے کے لئے کوشاں ہیں۔ اور آپ یہ بھی سمجھ رہے ہیں کہ میں اس جاہلی اقتدار کو ضرور الٹ دوں گا۔ کیونکہ اس تصور کے بغیر آپ کی اس جدوجہد کا جاری رہنا اور شدید کش مکش کے مرحلوں سے گزرنا بالکل بے معنی ہے۔ پھر آپ (اپنے خیال میں) ایک زبردست اسلامی اسٹیٹ قائم کرنے کی کوشش بھی کر رہے ہیں۔

رہا یہ امر کہ آپ نے اس قسم کا کوئی دعویٰ یا اعلان نہیں کیا تو اس کا جواب آپ اپنی اس عبارت میں خود ہی دے چکے ہیں کہ

"بلکہ شاید اسے خود بھی اپنے مہدی ہونے کی خبر نہ ہوگی۔"

بحث کے خاتمے پر آپ نے ارشاد فرمایا

گو یہ توقع نہیں ہے کہ اس وقت میں سر مو تجاوز ہو جائے گا [illegible] اور سیاست پر چھا جانے والے ایسے عظیم الشان لیڈر پیدا ہونے کی توقع ہے جس کی [illegible] پر ریاست میں یہ انقلاب رونما ہو گا۔ جن لوگوں کو ایسے لیڈر کے ظہور کا جیسی [illegible] حیرت ہوتی ہے۔ مجھے ان کی عقل پر حیرت ہوتی ہے جب خدا کی [illegible] میں ان دور میں جیسے [illegible] ظہور ہو سکتا ہے تو آخر ایک امام ہدایت ہی کا ظہور کیوں مستبعد ہو۔ (تجدید و احیائے دین ص ۱۳۳)

آپ کی یہ عبارت لوگوں کے ذہنوں کو اس مفہوم کی طرف قریب ہونے کی دعوت دے رہی ہے کہ وہ عظیم الشان لیڈر جس کی قیادت میں یہ انقلاب رونما ہونے والا ہے اس کا ظہور اسی دور میں ہونا چاہئے کیونکہ جنگ اور ہیں جیسے [illegible] کا ظہور ہو چکا ہے جس کا منطقی یہ ہے کہ امام ہدایت کا ظہور بھی ہو جائے گا۔

مختصر یہ کہ آپ کی ان تحریرات سے یہ امر بالکل واضح ہے کہ مجدد کامل اور امام مہدی کا مصداق آپ ہی ہیں۔ اس لئے آپ اس مفہوم کی وضاحت فرمائیں۔

مودودی صاحب تاریخ بھی بتاتی ہے کہ جس قدر مجددین حضرات تشریف لائے انہوں نے علمی اخلاقی اور عملی حیثیتوں سے دین کی تجدید کی مگر علی منہاج النبوت خلافت کو پوری شکل میں قائم کرنے والے مہدی ہوں گے۔

اس موقع پر مولانا عبدالمحمود صاحب نائب صدر جمعیۃ العلماء پاکستان صوبہ سرحد نے ایک سوال کیا۔

ترنم صاحب کیا مجدد الف ثانی نے ایک دینی تحریک ہی کے طور پر تجدید کا کام نہیں فرمایا؟

مودودی صاحب انہوں نے خلافت راشدہ قائم نہیں کی۔ آپ نے جو کچھ کیا جزوی طور پر تجدید دین کا کام تھا۔

ترنم صاحب ہمارے ناظم علی مولانا کاظمی صاحب نے جو سوال آپ سے کیا ہے کہ آپ کی تحریرات سے ظاہر ہوتا ہے کہ "مجدد کامل اور مہدی کا مصداق آپ ہی ہیں" اس پر روشنی ڈالئے۔

مودودی صاحب میری تحریرات کا مقصد یہ ہے کہ اب تک جو مجددین پیدا ہوئے وہ جزوی مجدد تھے یعنی انہوں نے تجدید کے خاص خاص شعبوں میں کام کیا۔ مجدد کے لئے دعویٰ کرنا بھی ضروری نہیں۔ اس سے میرا مقصود مرزا غلام احمد کی تردید ہے۔ مجدد کامل جو کار تجدید کے ہر شعبہ میں کامیاب جدوجہد کرے وہی امام المہدی ہے۔

میں نے اپنے مہدی ہونے کا کبھی دعویٰ نہیں کیا میرے گرد وپیش رہنے والے لوگوں سے آپ دریافت کر لیجئے کہ یہاں بھی کسی قسم کے کشف و کرامات کا کوئی ذکر نہیں ہوتا۔ آپ کے اس سوال کے جواب میں واضح طور پر آپ کو بتا دینا چاہتا ہوں کہ انشاء اللہ میں بغیر کسی دعویٰ کے اپنے رب کے سامنے پیش ہو جاؤں گا۔"

اس موقع پر ملک ممتاز صاحب جنگ یڈیٹر نیوز پریس آف پاکستان نے مودودی صاحب سے سوال کیا۔

ملک ممتاز صاحب آپ مجدد کامل ہونے کا دعویٰ تو نہیں کرتے مگر آپ کو یقین تو ہے کہ آپ مجدد کامل ہیں؟

مودودی صاحب یہ غلط ہے میرے ذہن میں اس قسم کا تصور بھی نہیں۔ میں نے کبھی اپنے کسی اندر سے یہ بات ظاہر نہیں کی کہ لوگ میرے

جائے مل جائیں، ورنہ ختم ہو گئی۔

کاظمی صاحب "مولانا آپ نے فرمایا ہے کہ میں جدید طرز کا ... اپنے رب کے سامنے پیش پیش ہوں گا"

اس سے صاف ظاہر ہے کہ آپ اپنے مہدی ہونے کا یقین نہیں رکھتے تو شک ضرور رکھتے ہوں۔ کیونکہ اس نوعیت سے دعوے کی گنجائش صرف یہی ہو سکتی ہے کہ مہدی ہیں۔ مہدی ہونے کے باوجود آخری وقت تک اپنی مہدیت کا دعویٰ نہیں کریں گے اور آخر میں ... بارگاہ میں حاضر ہو جائیں گے۔ اپنے دعویٰ کی تو آپ نے یہ فرمایا ہے کہ آپ تجدید و احیائے دین میں صاف لکھ چکے ہیں اور اس وقت بھی آپ نے فرمایا کہ مہدی نے یہ دعویٰ کرنا ضروری نہیں۔ اس سے صرف دعویٰ کی نفی سے یہ لازم نہیں آتا کہ آپ کے نزدیک آپ کی مہدیت کی نفی ہو جائے۔ دوسرا یہ کہ آپ نے ذہن میں بھی یہ بات نہیں کہ آپ مہدی ہیں تو آپ کی اس بات سے الجھن دور نہیں ہوتی۔ کیونکہ آپ کی مہدیت کا تصور آپ کے ذہن میں اسی وقت ہو سکتا ہے جب آپ کو اپنے مہدی ہونے کا علم ہو۔ مگر آپ تو تحریر فرما چکے ہیں کہ "شاید اسے خود بھی اپنے مہدی ہونے کی خبر نہ ہو" (تجدید و احیائے دین ص ۳۳)

تو جب تک آپ کو اپنے مہدی ہونے کی خبر نہ ہو اس وقت تک آپ کے ذہن میں اپنے مہدی ہونے کا تصور کیونکر آ سکتا ہے۔ اس مسئلہ کے صحیح ہونے کی صرف ایک صورت ہے اور وہ یہ کہ آپ اپنے مہدی ہونے کا انکار کریں تاکہ آپ کے بعد آپ کو مہدی نہ کہا جائے۔

مودودی صاحب میں صاف لفظوں میں کہہ چکا ہوں کہ میں اپنے رب کے سامنے جھوٹی نبوت کے پیش ہونے کا ... اگر کوئی میرے مرنے کے بعد کوئی مہدی کہے تو اس کا میں ذمہ دار نہیں۔ مرنے والوں کے حق میں لوگ بہت کچھ کہہ دیتے ہیں۔ کوئی کسی کو کافر کہہ دیتا ہے اور کوئی کسی کو ولی بنا دیتا ہے۔ بعض کو مرنے کے بعد خدا بھی کہا گیا ہے۔

کاظمی صاحب یہ مطلب بھی یہی تھا کہ جس طرح اوروں کے حق میں ان کے مرنے کے بعد خدا اور غوث ثابت ہوا ... آپ کے حق میں اس طرح کوئی ناجائز بات نہ کہی جائے اس کا انسداد اسی صورت میں ہو سکتا ہے کہ آپ اپنی زندگی میں اپنے مہدی ہونے کا انکار کر دیں۔

اس واضح اور صحیح مطالبہ پر بھی مولانا مودودی صاحب نے خاموشی اختیار کی اور اپنے مہدی ہونے سے انکار نہ فرمایا

نوٹ ناظرین کرام اندازہ فرمائیں کہ مودودی صاحب کا سکوت کس امر پر دال ہے؟

کہتے ہیں کہ اس کے بعد جب یہ مکالمہ بعض اخبارات میں شائع ہوا تو حضرت مودودی کے اس طرز عمل پر بڑی لے دے ہوئی اور پھر ادارہ ... مودودی ... جس سے آخر تک مودودی صاحب کی والدہ صاحبہ پریشان ہوئیں ... جناب مودودی صاحب نے بادل ناخواستہ کہیں لکھ دیا کہ میں امام مہدی نہیں ہوں۔ مگر ظاہر یہ ہے کہ ان کی اصل سوچ کے مطابق نہیں تھا۔ اصل سوچ میں انہوں نے کسی بڑے سے بڑے بزرگ کو بھی تنقید سے معاف نہیں کیا تھا اور مجدد کامل کی سیٹ کو ابھی خالی رکھا تھا تاکہ ... سے اس پر جلوہ افروز ہو سکیں۔ وہ لوگ جو اللہ کے آخری رسول ﷺ کو اللہ کے بعد سب سے بڑا حاکم سمجھتے ہیں ... حدیث صحیحہ کے مقابلے میں اپنے مذہب کو ترجیح دے کر اس کا ایمان سے کیا رشتہ رہ جاتا ہے اور مولانا مودودی نے اگر کہیں لکھ دیا کہ میں امام مہدی ہونے کا انکار کر بھی دیا ہے تو ان کی کتاب تجدید و احیائے دین سے یہ عبارت کیوں نہیں نکالی گئی۔

☆ ☆ ☆

قرآن اور سیرت حضور ﷺ کے کمالات

قسط: ۴۲

پروفیسر محمد حسین آسی

آپ گزشتہ صفحات میں دیکھ چکے ہیں کہ امت ہر رنج و راحت میں صدر اول سے اپنے آقا و مولا، اپنے ملجا و ماویٰ، اپنے محسن و مربی حضور پر نور ﷺ کو پکارتی آئی ہے عید ہے تو نعرۂ رسالت لگا کر عقیدت و مسرت کا اظہار ہو رہا ہے صدمہ و الم کا موقع ہے تو حضور پر نور ﷺ ہی سے یہ فریاد عرض کیا جا رہا ہے جنگ میں گھمسان کا رن پڑ گیا ہے تو غازیان صف شکن اسی محبوب کبریا علیہ الصلوٰۃ والسلام کے نام سے سرشار ہو کر معرکے مارتے جا رہے ہیں۔ پھر آقا و مولا علیہ التحیۃ والثناء کی شفقت کا یہ عالم ہے کہ جسے مناسب سمجھا اور جسے مناسب سمجھا دیدار سے نوازا، گنہگار سے سکون بخشا یا کسی کا رنج و غم دور کر دیا۔ چودہ صدیوں پر محیط اس فیض عام کے چند مظاہر چشم تصور کے سامنے نہیں نہیں بلکہ دیدۂ ایمان کے سامنے لانے کی کوشش کی گئی تاکہ واضح ہو جائے کہ آقا علیہ التحیۃ والثناء کسی بھی غلام سے دور نہیں، چنانچہ کہیں فتوے کی اصلاح فرما رہے ہیں، کہیں سلطنت کی خوشخبری دے رہے ہیں، کہیں ذاتی الجھنیں حل فرما رہے ہیں اور کہیں کسی کی شادی فرما رہے ہیں۔ اس عظیم حقیقت کو پیش نظر رکھیے اور اسی سلسلے میں سورۂ نور کی ایک آیت کے مختلف مفاہیم پر غور کیجیے۔

﴿لَا تَجْعَلُوْا دُعَآءَ الرَّسُوْلِ بَيْنَكُمْ كَدُعَآءِ بَعْضِكُمْ بَعْضًا﴾ (النور ۶۳)

ترجمہ: رسول کے پکارنے کو آپس میں ایسا نہ ٹھہرا لو جیسا تم میں ایک دوسرے کو پکارتا ہے۔ (کنزالایمان)

مفسرین نے اس کے تین مفہوم بیان کیے ہیں (یہ تینوں تفسیر طبری میں موجود ہیں) پہلا حضرت مجاہد اور دوسرا دونوں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہم سے منقول ہیں۔

پہلا مفہوم: اے مسلمانو! جیسے ایک دوسرے کو بلاتے ہیں (مثلاً نام لے کر، نسبت کے حوالے سے کسی مخصوص پیشے کا ذکر کر کے) حضور اکرم نور مجسم صلی اللہ علیہ وآلہ وبارک وسلم کو اس طرح نہ پکارو، بلکہ ادب، تعظیم کو ملحوظ رکھو اور جو عرض کرنا ہو پوری نیازمندی سے عرض کرو۔

حکیم الامت مفتی احمد یار خاں صاحب علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں۔

"یا حضور (ﷺ) کو ایسے القاب و الفاظ سے نہ پکارو جیسے ایک دوسرے کو پکار لیتے ہو مثلاً بھیا، ابا جی، بشر وغیرہ کہہ کر نہ پکارو انہیں یا رسول اللہ یا شفیع المذنبین وغیرہ رب کے القاب سے یاد کرو" (نور العرفان)

تفسیر خازن میں ہے

﴿لَا تَدْعُوْهُ بِاسْمِهٖ كَمَا يَدْعُوْ بَعْضُكُمْ بَعْضًا يَا مُحَمَّدُ يَا عَبْدَ اللّٰهِ وَلٰكِنْ فَخِّمُوْهُ وَعَظِّمُوْهُ وَشَرِّفُوْهُ وَقُوْلُوْا يَا نَبِيَّ اللّٰهِ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فِيْ لِيْنٍ وَّتَوَاضُعٍ﴾ (الجزء الثالث ص ۳۰۷ مطبوعہ بیروت)

ترجمہ: انہیں (یعنی حضور ﷺ کو) نام لے کر مت پکارو جیسے تم میں سے بعض بعض کو پکارتے ہیں یا محمد، یا عبد اللہ بلکہ ان کی تعظیم و توقیر کرو اور نرمی و تواضع کے ساتھ یا نبی اللہ، یا رسول اللہ کہو

تفسیر ابن کثیر میں ہے

﴿قَالَ الضَّحَّاكُ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ كَانُوْا يَقُوْلُوْنَ يَا مُحَمَّدُ يَا اَبَا الْقَاسِمِ فَنَهَاهُمُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ عَنْ ذٰلِكَ اِعْظَامًا لِنَبِيِّهٖ ﷺ قَالَ فَقُوْلُوْا يَا نَبِيَّ اللّٰهِ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ﴾ (الجزء الثالث)

ترجمہ: [illegible] حضرت [illegible] کی [illegible] بات [illegible] جس [illegible] تھے [illegible]
[illegible] کی تعظیم [illegible] اور [illegible]

قرآن پاک میں بہت سی آیات ہیں جن میں اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی [illegible] صلوٰۃ و سلام کے آداب سکھائے ہیں
مثلاً [illegible] علماء [illegible] روایت [illegible] (یہ [illegible] نبی [illegible] کے متعلق [illegible] تھے) [illegible] انظرنا [illegible]
[illegible] کے سامنے [illegible] نظر [illegible] اسی طرح
[illegible] بارگاہ رسالت مآب ﷺ [illegible] جیسے [illegible] ﷺ [illegible] کا سلیقہ سکھایا گیا ہے۔ اب [illegible]
بات تو بالکل واضح ہوگئی کہ اللہ کے پیارے حبیب ﷺ کو پکارنے میں کوئی حرج نہیں [illegible] جو پکارنے پر شرک کا فتویٰ جڑ دیتے ہیں،
راہ حق سے بہت دور [illegible] ہیں۔ [illegible] پکارنے [illegible] پکارنا [illegible] ہے۔

رسول کو رسول سمجھ کر پکارنا

[illegible] ہے [illegible] بھی [illegible] ہے۔ یعنی جب رسول
[illegible] لوگوں کی طرح نہیں بلکہ [illegible] کو پکارنے [illegible] ہو بلکہ [illegible] ادب میں [illegible] ہونا
چاہئے۔ دنیا میں جسے بھی تم [illegible] معظم [illegible] جب [illegible] اللہ کے رسول ﷺ کے سامنے تو [illegible] جو [illegible]
[illegible] نبی کی نسبت سے [illegible] کا جواب بھی [illegible] گا، جو رسول سے متعلق [illegible] جائے گا۔ برادری اور رشتہ داروں میں سب سے زیادہ حق باپ کا ہے،
پھر ماں کا (حق) باپ سے بھی زیادہ [illegible] (حق) ماں باپ [illegible] سے زیادہ [illegible] طریقت کا حق [illegible] سے بھی بہت فائق۔ مگر جب اس ہستی کی بات آئے
جسے آپ اللہ کا رسول ﷺ مانتے ہیں تو باقی سب کے حقوق [illegible] کوئی نسبت نہیں رکھتے

سبھی نسبت بذات خود ہیں ادھورا
[illegible] تو پھر کوئی نسبت [illegible] (احسان محمد قدوسی علیہ الرحمۃ)

ترجمہ: یا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) [illegible] کوئی نسبت [illegible]
سب سے بہتر ہیں چنانچہ آپ کے حسب و نسب کے کیا کہنے۔

مختصر یہ کہ رسول کو پکارنا ہو تو رسول [illegible] پکارو اور رسول کے بارے میں جو عقیدہ قرآن [illegible] کسی صورت بھی فراموش نہ کرو۔ قرآن
حکیم نے [illegible] فرمایا کہ رسالت اور فضیلت [illegible] ہیں۔

﴿تِلْكَ الرُّسُلُ فَضَّلْنَا بَعْضَهُمْ عَلٰى بَعْضٍ﴾ (البقرۃ: ۲۵۳)

ترجمہ: یہ رسول ہیں کہ ہم نے ان میں ایک کو دوسرے پر افضل کیا (کنز الایمان)

غرض رسول جتنے بھی ہیں، سب فضیلت والے ہیں۔ یہ نہیں ہو سکتا کہ رسول بھی ہو اور فضیلت سے خالی بھی ہو۔ جو کسی رسول کو بھی معاذ اللہ فضیلت
سے خالی سمجھتا ہے اس کا ایمان سے کوئی تعلق نہیں۔ بلکہ اللہ تعالیٰ [illegible] پہلے [illegible] پھر رسالت عطا فرماتا ہے، چنانچہ ارشاد باری ہے

﴿اَللّٰهُ اَعْلَمُ حَيْثُ يَجْعَلُ رِسَالَتَهٗ﴾ (الانعام: ۱۲۴)

ترجمہ: اللہ خوب جانتا ہے جہاں اپنی رسالت رکھے۔

ہاں [illegible] اللہ کے سب رسول فضیلت والے ہیں، ایسا نہیں جس [illegible] اور بعض نہیں۔ ہم سب کو مانتے ہیں اور سب کو
فضیلت والا مانتے ہیں۔

﴿لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْ رُّسُلِهٖ﴾ (البقرۃ: ۲۸۵)

ترجمہ: ہم اس کے کسی رسول پر ایمان لانے میں فرق نہیں کرتے۔

خداوند کریم کی رضا و طاعت کا انحصار رسول کی رضا و طاعت پر ہوتا ہے۔ یعنی رسول جس سے راضی [illegible] اللہ راضی اور جو رسول کا
[illegible] وہی اللہ کا [illegible]

پھر فرمایا

وَمَنْ يُّطِعِ الرَّسُوْلَ فَقَدْ اَطَاعَ اللّٰهَ (النساء ۸۰)

ترجمہ: جس نے رسول کا حکم مانا بیشک اس نے اللہ کا حکم مانا (کنز الایمان)

جب ہر رسول [illegible] ہے تو [illegible] سب کے فضائل و کمالات کا جامع ہے۔
جب ہر رسول مطاع ہے اور امت پر اس کی اطاعت فرض اول ہے تو جو ساری کائنات کا رسول ہے یقیناً وہ مطاع ہے اور سب پر اس کی اطاعت فرض
[illegible] ﷺ [illegible] جنگل کے وحشی جانور ان پر نثار ہو ہو جاتے
[illegible] پتھر ان کا کلمہ پڑھتے ہیں [illegible] عشق [illegible]۔

چونکہ [illegible] رحمت [illegible] رب تعالیٰ فرماتا ہے

وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ (الانبیاء ۱۰۷)

ترجمہ: اور ہم نے تمہیں نہ بھیجا مگر رحمت سارے جہان کے لئے

ہم [illegible] کلمہ پڑھتے ہیں لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ پڑھ کر [illegible] توحید [illegible] رسول اللہ (ﷺ) ہونے کی تصدیق کرتے
ہیں۔ بلاشبہ وہ رسول اللہ ہیں یعنی اللہ کے بھیجے ہوئے [illegible] اللہ [illegible] شان [illegible]
[illegible] اطاعت فرض ہے [illegible] رحمۃ للعلمین (یعنی سارے جہانوں کے لئے رحمت) بنا کر [illegible] سب جہانوں کے لئے
رحمت [illegible] محتاج [illegible] رحمت [illegible] دکھ درد دور کرنے
کے اختیارات بھی رکھتا ہے کہ نہیں۔

بلاشبہ [illegible] شان [illegible] قرآن [illegible]

وَلٰكِنْ رَّسُوْلَ اللّٰهِ وَخَاتَمَ النَّبِيّٖنَ (الاحزاب ۴۰)

ترجمہ: ہاں اللہ کے رسول ہیں اور سب نبیوں میں پچھلے (کنز الایمان)

[illegible] خاتم النبیین [illegible] کائنات کے [illegible] عظیم [illegible]
[illegible] کائنات [illegible]
[illegible] رحمۃ للعلمین بنایا گیا ہے

بلاشبہ [illegible] کے بھیجے ہوئے ہیں [illegible]

يٰۤاَيُّهَا النَّبِيُّ اِنَّاۤ اَرْسَلْنٰكَ شَاهِدًا وَّمُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا وَّدَاعِيًا اِلَى اللّٰهِ بِاِذْنِهٖ وَسِرَاجًا مُّنِيْرًا

(الاحزاب ۴۵، ۴۶)

ترجمہ: اے غیب کی خبریں بتانے والے (نبی) بےشک ہم نے تمہیں بھیجا حاضر و ناظر اور خوشخبری دیتا اور ڈر سناتا
اور اللہ کی طرف اس کے حکم سے بلاتا اور چمکا دینے والا آفتاب

سو جب فرمایا گیا: لَا تَجْعَلُوْا دُعَآءَ الرَّسُوْلِ بَيْنَكُمْ كَدُعَآءِ بَعْضِكُمْ بَعْضًا

تو [illegible] پکارتے وقت [illegible] شخصیت کو پکارا جا رہا ہے جو عام انسان نہیں بلکہ سب
[illegible] رحمت [illegible] انہیں اپنی طرح بے کس بے
[illegible] شرک و کفر تو کیا گناہ تک نہیں، بلکہ انہیں رسول مانتے ہوئے
ایمان کا تقاضا یہی ہے [illegible] رحمۃ للعلمین [illegible] ضرور پکارا جائے۔ ہاں پکارتے وقت ادب آداب کا خیال ضرور رہنا چاہیے۔
مزید وضاحت کے لئے سورۃ فتح کی ایک آیت پر غور کیجئے۔ ([illegible] بھی آچکا ہے)

سَيَقُوْلُ لَكَ الْمُخَلَّفُوْنَ مِنَ الْاَعْرَابِ شَغَلَتْنَاۤ اَمْوَالُنَا وَاَهْلُوْنَا فَاسْتَغْفِرْ لَنَا ۚ يَقُوْلُوْنَ بِاَلْسِنَتِهِمْ
مَّا لَيْسَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ (الفتح ۱۱)

ترجمہ: اب تم سے کہیں گے جو گنوار پیچھے رہ گئے کہ ہمیں ہمارے مال اور ہمارے گھر والوں نے جانے سے
مشغول رکھا۔ اب حضور ہماری مغفرت چاہیں۔ اپنی زبانوں سے وہ بات کہتے ہیں جو ان کے دلوں میں نہیں۔

(کنزالایمان)

دیکھئے حضور ﷺ سے بخشش کی دعا کرانا چاہتے ہیں، مگر محض ظاہری طور پر صرف زبان سے کہنا قابل اعتراض ہے، ہاں دل سے اگر کریں تو یہ درست بھی ہے اور یہاں کا تقاضا بھی۔ گویا صحابہ کرام رضی اللہ عنھم یہ درخواست کریں تو دل سے کرتے ہیں، منافق کریں تو صرف زبان سے کرتے ہیں۔

بلا شبہ حضور اللہ کے رسول ہیں تو حضور کو پکارتے ہوئے آپ کا منصب رسالت سامنے رہے اور جس جس شان سے آپ رسول بنائے گئے ہیں، انہیں ذہن سے اوجھل نہ ہونے دیا جائے یونہی ہر رسول نبی بھی ہوتا ہے آپ بھی نبی ہیں اور نبی کے بارے میں قرآن پاک نے وضاحت فرمائی ہے۔

اَلنَّبِیُّ اَوْلٰی بِالْمُؤْمِنِیْنَ مِنْ اَنْفُسِهِمْ (الاحزاب۔۶)

ترجمہ: نبی مسلمانوں کا ان کی جان سے زیادہ مالک ہے

بلکہ بعض کے نزدیک اولیٰ کے تین معانی ہیں۔ املک (زیادہ مالک)، اقرب (زیادہ قریب) اور احب (زیادہ محبوب) تو جب حضور پرنور ﷺ کو پکارا جائے تو یہ سب معانی پیش نظر رہنے چاہئیں۔ مثلاً نماز میں جب عرض کرتے ہیں السلام علیک ایھا النبی یعنی اے نبی سلام علیک، تو یہ خیال ہونا چاہئے کہ یہ ہدیہ سلام اس ذات ستودہ صفات علیہ افضل الصلوات واکمل التحیات کی بارگاہ میں پیش کیا جا رہا ہے جو جان سے بھی زیادہ قریب جان سے زیادہ محبوب ہے اور ہماری جانوں سے زیادہ ہماری مالک ہے

خدا کا خطاب فرمانا: مختصر یہ کہ خالق کائنات جل جلالہ نے اپنے محبوب معظم و اکرم ﷺ کو پکارتے ہوئے عامیانہ سا انداز اختیار کرنا گوارا نہ فرمایا بلکہ ادب و احترام اور محبت شفقت و عنایات فرمائیں، دیکھیں خود رب تعالیٰ نے پکارا ہے اور پورے خلوص و ادب سے اتباع میں کیجئے۔

دیکھئے ہم جنہیں قرآن نے یہ ادب تلقین فرمایا ہے، امتی ہیں حضور ﷺ کے غلام اور محتاج ہیں اور ہمارا سب دار و مدار آپ ﷺ کی نظر کرم پر ہے۔ اللہ جو آپ کا رب ہے۔ آپ کا خالق و مالک ہے اور آپ کو عظمت دینے والا ہے اس نے قرآن کے تیس پاروں میں ایک بار بھی حضور پرنور ﷺ کو نام لے کر یا کنیت وغیرہ کے حوالے سے خطاب نہیں کیا بلکہ کہیں یٰۤاَیُّهَا الرَّسُوْلُ کہیں یٰۤاَیُّهَا النَّبِیُّ، کہیں یٰۤاَیُّهَا الْمُزَّمِّلُ، یٰۤاَیُّهَا الْمُدَّثِّرُ کہیں طٰہٰ اور کہیں یٰس

خدا نے اپنے پیارے کو پکارا جس طرح چاہا
وہ مزمل، وہ مدثر، وہ یٰس اور وہ طٰہٰ (حفیظ جالندھری)

اللہ جل شانہ، مالک حقیقی اور شہنشاہ ارض و سما ہے۔ اس کا اپنے کسی بندے کو خطاب کرنا ہی بندے کے لئے سند عزت و افتخار ہے خصوصاً جب بندے کا نام بھی زبان قدرت پر آجائے تو اس کی عزت و رسائی کے کیا کہنے۔ آپ نے وہ حدیث پاک سنی ہوگی

حضرت انس رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ سے فرمایا رب کریم نے مجھے یہ حکم دیا ہے کہ میں تمہارے سامنے تلاوت قرآن کروں۔ حضرت ابی رضی اللہ عنہ نے دریافت کیا کہ کیا اللہ نے آپ کے سامنے میرا نام لیا ہے؟ فرمایا ہاں۔ پھر عرض کیا کیا رب العلمین کے حضور میرا ذکر کیا ہے، فرمایا ہاں تو (فرط مسرت سے) آپ رونے لگے۔ ایک روایت کے مطابق (حضور ﷺ نے) فرمایا بے شک اللہ نے مجھے حکم دیا ہے کہ تمہارے سامنے سورۃ لم یکن الذین کفروا کی تلاوت کروں۔ جناب ابی نے کہا کیا اللہ نے میرا نام لیا ہے؟ حضور ﷺ نے فرمایا ہاں تو جناب ابی رونے لگے۔

ہاں اللہ اپنے کسی بندے کو پکارے اور خصوصاً نام لے کر پکارے تو بندے کے لئے زمین و آسمان کی سعادتوں سے بڑھ کر ہے اس کے بعد اس نکتے پر بھی غور فرمایئے کہ وہی شہنشاہ حقیقی جو اپنے مخصوص ترین بندوں کو نام لے کر ان کی عظمت و وجاہت کا اعلان کرتا ہے، اپنے ان مخصوص ترین بندوں میں سے بھی ایک کو نام لینے کی بجائے خصوصی اور خصوصی اعزاز سے خطاب فرمائے تو اس کی عظمت شان کا اندازہ کون لگا سکتا ہے۔ مثلاً قرآن پاک میں بڑے بڑے جلیل القدر انبیاء و رسل علیہم السلام سے خطاب فرماتے ہوئے ان سے یا آدم، یا نوح، یا ابراہیم، یا موسیٰ، یا داؤد، یا عیسیٰ فرمایا ہے۔ یقیناً اس میں ان حضرات کی تحقیر نہیں بلکہ عزت افزائی ہے جیسا کہ ذکر گزرا مگر ان میں ایک ایسی شخصیت ہے جسے نام کے بجائے ہمیشہ مخصوص القاب اور اداؤں کے حوالے

سے [illegible] فرمایا ہے تو یہ بھی ادب اور محبت و عقیدت کی نشانی ہے [illegible] ہو، [illegible] مشکل ہے۔ حضرت [illegible] جامی علیہ الرحمہ نے اسی مطلب میں فرمایا ہے۔

نام است پیدا انبیا خطاب

یا ایہا النبی خطاب محمد است

یا محمد صلی اللہ علیہ وسلم کہنا: [illegible] ہے حبیب کریم ﷺ کو جو خصوصی نام مبارک عطا فرمائے ہیں یعنی محمد اور احمد خود ان میں بھی نعت ہے۔ اللہ تعالیٰ جس کی بھی حمد و تعریف کرے وہ محمود ہے [illegible] محمد [illegible] ہے وہ ہے محمد (ﷺ) جو کہ سب سے بھی پہلے اللہ کی حمد کی [illegible] احمد ہے اور جس [illegible] رب کی حمد [illegible] محمد (ﷺ) [illegible] اس لفظ سے "یا محمد" اور یا محمد کہہ دیا جائے تو جائز ہے، چنانچہ بعض احادیث قدسیہ میں بھی مذکور ہے اور کئی بار حضرت جبریل علیہ السلام نے بھی اسی طرح خطاب سے بارگاہ رسالت ﷺ میں عرض اجرا کیا ہے۔ اس حقیقت کے باوجود کہ نام لے کر پکارنے میں بھی اگر حضور پرنور ﷺ کی مدح و ثنا مقصود ہو تو حرج نہیں قرآن پاک میں ایک بار بھی یا محمد اور یا احمد نہیں آیا آخر کیوں؟ لگتا ہے کہ خدا وند کریم جسے بہرحال اپنے محبوب کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کا ادب واحترام مقصود ہے نہیں چاہتا کہ بعض کند ذہن اور بدنیت لوگ اسے دلیل بنا کر حضور ﷺ کے پکارنے کو دوسروں کے پکارنے کی طرح سمجھیں اور یوں حاشا [illegible] علیہ وسلم کی عظمت اور وجاہت سے روگردانی کریں۔ ہاں ہاں جس محبوب اعظم ﷺ کے پکارنے کا انداز دوسرے محبوبوں سے منفرد و مخصوص ہے اس کی ذات بابرکات کا نام بھی دوسروں سے منفرد و مخصوص ہوگا۔

حق یہ ہے کہ کائنات کی تخلیق کی اس لیے ہوئی کہ سب مخلوق اس محبوب کریم ﷺ کی شان پہچانے اسی لیے اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیب کریم ﷺ کو یکے بعد دیگرے نام دیئے۔ اور آسمانی صحیفوں اور آسمانی کتابوں میں ان کا چرچا کیا۔ مثلاً حضور ﷺ فرماتے ہیں کہ قرآن میں میرا نام محمد، انجیل میں احمد اور تورات میں احید ہے اور انما سمیت احید لانی احید عن امتی نار جھنم۔ میرا نام احید اس لیے ہوا کہ میں اپنی امت سے آتش دوزخ دور [illegible] (حوالہ [illegible])

اسی طرح ایک حدیث کے مضمون کا آخری حصہ یوں ہے (کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا)

ولقد خلقت الدنیا و اھلھا لاعرفھم کرامتک ومنزلتک عندی ولولاک ما خلقت الدنیا

(انوار احمدی بحوالہ ابن عساکر عن سلمان)

ترجمہ: اور یقیناً میں نے دنیا اور اس کے لوگوں کو اس لیے پیدا کیا کہ انہیں آپ کی بزرگی اور آپ کا مرتبہ معلوم کراؤں جو میرے نزدیک ہے، اگر آپ نہ ہوتے تو دنیا کو پیدا نہ کرتا۔

یہی وجہ ہے کہ جو اللہ تعالیٰ نے [illegible] مسلم کا جلال منعقد فرما کر سب سے سامنے حضور پرنور ﷺ کی عزت و عظمت بیان فرمائی [illegible] اور [illegible] (تفسیر [illegible] آیت [illegible])

سابقہ آسمانی کتابوں میں نعت سرکار ﷺ

جناب شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی علیہ الرحمہ تحفہ اثنا عشریہ میں لکھتے ہیں۔

تورات کے سفر چہارم میں ہے

قال اللہ تعالیٰ لابراھیم ان ھاجر تلد ویکون من ولدھا

من یدہ فوق الجمیع وید الجمیع مبسوطۃ الیہ بالخشوع

ترجمہ: اللہ تعالیٰ نے حضرت ابراہیم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم سے فرمایا بے شک ہاجرہ کے اولاد ہوگی اور ان کے بچوں میں سے وہ ہوگا جس کا ہاتھ سب پر بالا ہے اور سب کے ہاتھ اس کی طرف پھیلے ہیں عاجزی اور گڑگڑانے میں)

(الامن والعلیٰ بحوالہ تحفہ اثنا عشریہ)

اسی تحفہ میں زبور شریف کی ایک اور روایت کے آخری الفاظ یوں مذکور ہیں

امتلاءت الارض من تحمید احمد وتقدیسہ وملک الارض ورقاب الامم

ترجمہ: زمین احمد کی تحمید و تقدیس سے بھر گئی اور وہ ساری زمین اور تمام امتوں کی گردنوں کا مالک ہوا

(…)

تورات شریف کی ایک روایت جسے حضرت ابو درداء نے کہا حضرت عطاء بن یسار رضی اللہ عنہم سے یوں روایت فرماتے ہیں

مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ سَمَّیْتُہُ الْمُتَوَکِّلَ لَیْسَ بِفَظٍّ وَّلَا غَلِیْظٍ وَّلَا صَخَّابٍ فِی الْاَسْوَاقِ وَاُعْطِیَ

الْمَفَاتِیْحَ … (رواہ الدارمی)

ترجمہ محمد ﷺ اللہ کے رسول ہیں ان کا نام متوکل ہے نہ درشت خو ہیں نہ سخت گو نہ بازاروں میں چلا کے

… اور کنجیاں دیے گئے ہیں۔

ام المومنین حضرت سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی روایت کے مطابق انجیل جلیل میں بھی تقریباً یہی الفاظ ہیں۔ (…)

ظاہر ہے کہ سابقہ آسمانی کتابوں اور صحیفوں میں اس قسم کے دیگر جس میں گونا گوں الفاظ نعت ہیں کا التزام اس لئے بھی کیا گیا کہ محبوب خدا علیہ التحیۃ والثناء کی مدح کرنے والے مختلف القاب و اسماء سے تعریف کریں۔ چنانچہ حضرت آدم علیہ السلام حضور ﷺ کی خدمت میں عرض معروض کرتے تھے تو انداز خطاب یہ ہوتا تھا۔

یَا اِبْنِیْ صُوْرَۃً وَّ اَبِیْ مَعْنًی

ترجمہ: اے ظاہر میں میرے فرزند اور حقیقت میں میرے باپ

اس کا ترجمہ اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی علیہ الرحمہ نے یوں کیا ہے

ظاہر میں میرے پھول حقیقت میں میرے نخل

اس گل کی یاد میں یہ صدا ابو البشر کی ہے (علیہم الصلوٰۃ والسلام)

یہ تھے حضرت آدم علیہ السلام جو تمام انبیائے کرام علیہم السلام سے مقدم اور سب انسانوں کے سردار ہیں۔ … حقیقت فرزند … سلسلہ نبوت جاری رہا آسمانی کتابیں اور صحیفے اترتے رہے اور حبیب کی آمد کی … (علیہ الصلوٰۃ والسلام) انبیائے کرام علیہم السلام تذکار حبیب سے امت کے دل و دماغ کو منور کرتے رہے خود بھی رحمۃ للعالمین ﷺ کی بارگاہ بے کس پناہ میں فریاد کرتے رہے اور اپنے غلاموں کو بھی آپ کی برکت و رحمت کا تعارف کراتے رہے۔

حضرت امام بوصیری قدس سرہ نے خوب فرمایا

وَکُلُّھُمْ مِّنْ رَّسُوْلِ اللّٰہِ مُلْتَمِسٌ

غَرْفًا مِّنَ الْبَحْرِ اَوْ رَشْفًا مِّنَ الدِّیَمِ

ترجمہ اور سب نبی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے التماس کرتے ہیں کہ دریائے کرم سے ایک چلو یا بارش

باران رحمت سے ایک گھونٹ پانی عطا فرما دیجئے۔

آخر کار آخری نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام پر آخری کتاب نازل ہوئی جس نے اہل ایمان کو بارگاہ رسالت کے آداب سکھائے اور صاف صاف بتا دیا کہ محبوب کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کو نام لے کر مت پکارو جیسے عام لوگوں کو پکارا جاتا ہے … اب یہ دیکھنا ہے کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم محبوب خدا علیہ التحیۃ والثناء کو کس طرح پکارتے تھے، اس کی صرف چند شعری مثالیں

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا طرز ندا:

ا۔ حضرت سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے جب نبی پاک ﷺ کے وصال شریف کی خبر سنی تو فوراً حاضر ہوئے اس وقت آپ رو رہے تھے اور آپ کی زبان مبارک پر یہ الفاظ تھے

وَا مُحَمَّدَاہْ — اے میرے محبوب آقا

وَا نَبِیَّاہْ — اے ہمارے جلیل القدر نبی

وَا صَفِيَّاهُ — اے میری جان سے پیارے محبوب

وَا خَلِيلَاهُ بِأَبِي أَنْتَ وَأُمِّي طِبْتَ حَيًّا وَمَيِّتًا — میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں، اے میرے خلیل! آپ زندگی میں بھی پاکیزہ تھے اور اب بھی پاکیزہ ہیں۔

۲۔ حضرت حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ، جو معروف ترین شاعر رسالت ہیں، یوں عرض کرتے ہیں

يَا رُكْنَ مُعْتَمِدٍ وَعِصْمَةَ لَائِذٍ — (۱) — وَمَلَاذَ مُنْتَجِعٍ وَجَارَ مُجَاوِرِ

يَا مَنْ تَخَيَّرَهُ الْإِلٰهُ لِخَلْقِهِ — (۲) — فَحَبَاهُ بِالْخُلُقِ الزَّكِيِّ الطَّاهِرِ

أَنْتَ النَّبِيُّ وَخَيْرُ عُصْبَةِ آدَمٍ — (۳) — يَا مَنْ يَجُودُ كَفَيْضِ بَحْرٍ زَاخِرِ

ترجمہ (۱) اے بھروسہ کرنے والے کے لئے سہارا، پناہ گیروں کی جائے پناہ اور مصیبت زدوں کے مددگار

(۲) اے وہ ذات جس کو اللہ تعالیٰ نے اپنی مخلوق کے لئے چنا پس آپ کو بہترین پاکیزہ اور عمدہ اخلاق عطا کئے گئے

(۳) آپ نبی ہیں اور بنی آدم میں سب سے بہتر، اے وہ ذات جو موجیں مارنے والے سمندر کی طرح سخاوت کرنے والی ہے۔

انہیں حضرت حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ کے نعت شریف کے دو شعر بہت مشہور ہیں

وَأَحْسَنُ مِنْكَ لَمْ تَرَ قَطُّ عَيْنِي — (۱) — وَأَجْمَلُ مِنْكَ لَمْ تَلِدِ النِّسَاءُ

خُلِقْتَ مُبَرَّأً مِنْ كُلِّ عَيْبٍ — (۲) — كَأَنَّكَ قَدْ خُلِقْتَ كَمَا تَشَاءُ

ترجمہ (۱) یا رسول! آپ سے زیادہ حسین میری آنکھ نے کبھی نہیں دیکھا اور آپ سے زیادہ خوبصورت کسی ماں نے جنا ہی نہیں۔

(۲) آپ عیب سے پاک پیدا کئے گئے ہیں گویا کہ آپ ایسے پیدا کئے گئے ہیں جیسا آپ نے چاہا

حضرت اسود بن مسعود رضی اللہ عنہ بارگاہ رسالت میں عرض کرتے ہیں۔

أَنْتَ الرَّسُولُ الَّذِي تُرْجٰى فَوَاضِلُهُ — عِنْدَ الْقُحُوطِ إِذَا مَا أَخْطَأَ الْمَطَرُ

ترجمہ آپ وہ رسول ہیں کہ قحط کے وقت جب بارش نہ ہو آپ کی نوازشات کی امید کی جاتی ہے۔

ایک اعرابی نے قریش کی شان کا آخری شعر میں پڑھ کر اپنے عقیدہ رسالت کی وضاحت کرتا ہے

وَلَيْسَ لَنَا إِلَّا إِلَيْكَ فِرَارُنَا — وَأَيْنَ فِرَارُ الْخَلْقِ إِلَّا إِلَى الرُّسُلِ

ترجمہ ہمارا ٹھکانہ حضور ہی ہیں جن کے پاس بھاگ کر جاتے ہیں اور مخلوق کی پناہ گاہ سوائے رسولوں کے کہاں ہو

(رسول بارگاہ ﷺ)

حضرت زہیر بن صرد جشمی رضی اللہ عنہ

ان کی نعت شریف کا آخری شعر یوں ہے

إِنْ لَمْ تُدَارِكْهُمْ نَعْمَاءُ تَنْشُرُهَا — يَا أَرْجَحَ النَّاسِ حِلْمًا حِينَ يُخْتَبَرُ

ترجمہ اے آپ ﷺ ان حسین ہستی ﷺ سے ... اگر وہ لوگوں کو ... آپ کا

کہیں ٹھکانہ نہیں ہے ... وقت آزمائش سب سے زیادہ حلم والے (محبوب)

اہل بیت رضی اللہ عنہم کا طرز ندا:

حضرت سیدہ آمنہ رضی اللہ عنہا کا ہدیہ محبت ملاحظہ ہو

بَارَكَ اللّٰهُ فِيكَ مِنْ غُلَامٍ — إِنْ صَحَّ مَا أَبْصَرْتُ فِي الْمَنَامِ

فَأَنْتَ مَبْعُوثٌ إِلَى الْأَنَامِ — مِنْ عِنْدِ ذِي الْجَلَالِ وَالْإِكْرَامِ

وبنی أمك البر الأعلم   وعليك عني السلام

ترجمہ (۱) اے نبی اللہ تجھے بابرکت ہو جو پوشیدہ ہے جو سب میں بلند مرتبہ ہے

(۲) تو بچہ تو ہر دو عالموں کی طرف سے ساری کائنات کی طرف مبعوث ہے۔

(۳) نیکوکار اور محبوب ہو تجھ پر سلام کہ تو تعریف والا ہے تجھے اللہ نے قوموں سے برتر کیا ہے۔

حضرت سیدہ خاتون جنت علیہا السلام نے حضور ﷺ کی بارگاہ شریف سے جدائی پر کہا:

یا خاتم الرسل المبارک ضوؤہ   صلی علیک منزل القرآن

ترجمہ اے رسولوں کے خاتم ﷺ بابرکت روشنی والے۔ آپ پر قرآن نازل کرنے والے کا درود ہو (روض الانف، سیرۃ ابن ہشام)

